# طالب علم کے لیے آلات مستعار کرنے کی شرائط

## طالب علم کی معلومات

طالب علم کا نام:______________________________________________ NYCID#:______________________________

گریڈ:_____________________ اسکول DBN:_________________________________

گھر کا پتہ:__________________________________________________________________________________________________

شہر:_____________________________ ریاست:_______________________ زپ کوڈ:_________________

فون نمبر:________________________________________

## آلے کی معلومات:

تاریخِ اِجرا:______________________________________ آلے کی قسم:______________________________

ایسیٹ (Asset) ٹیگ:____________________________________سیریل نمبر:__________________________________

اضافی اشیا:__________________________________________________________________________________________________

نیو یارک شہر پبلک اسکولز جانے والے طلباء کو ان کے تعلیمی استعمال کے لیے ایک آلہ (ڈیوائس) جاری کیا جا سکتا ہے۔ اگر اس آلے کے استعمال کے دوران مناسب احتیاط اور نگہداشت برتی گئی تو اس آلے کو کوئی طبعی نقصان نہیں پہنچنا چاہیے۔ گریڈز 12-6 کے ہر طالب علم اور تمام گریڈ سطح کے طلباء کے والدین کو اس فارم کا دھیان سے جائزہ لینا چاہیے، اور والدین کو اس کے مندرجات کے بارے میں اپنے طالب علم کے ساتھ بات کرنی چاہیے۔

طلباء کو دیے جانے والے تمام آلات کو تدریس تک رسائی حاصل کرنے اور دیگر تعلیمی مقاصد کے لیے استعمال کیا جانا چاہیے۔ طلباء سے ذیل کے رہنما خطوط کی پابندی کرنے کی توقع کی جاتی ہے اور آلے کی حفاظت کے لیے کوئی بھی اضافی عام فہم احتیاطی قدم اٹھایا جانا چاہیے۔ طلباء اس آلے کی دیکھ بھال کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ اس دستاویز میں دی گئی پالیسیوں کا مقصد **تمام** دستیاب ٹکنالوجیز کا احاطہ کرنا ہے، نہ کہ صرف ان مخصوص درجِ فہرست آلات کا۔

مذکورہ بالا آلے کو قبول کرکے، میں ________________________________________ ، ذیل کو تسلیم کرتا ہوں:

**دیکھ بھال اور نگہداشت**

- طالب علم / اہلِ خانہ اس آلے کی روزانہ دیکھ بھال اور نگہداشت کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ کسی بھی نقصان پہنچنے پر یا چوری ہونے کی صورت میں نیو یارک پبلک اسکولز کو ایک اسکول دن کے اندر مطلع کیا جانا لازمی ہے۔ آلے کی چوری ہو جانے کی صورت میں، یہ طالب علم / اہل خانہ کی ذمہ داری ہے کہ پولیس رپورٹ درج کروائیں اور اسکول کو پولیس رپورٹ نمبر فراہم کریں۔
- جب آلہ استعمال نہ کیا جا رہا ہو تو اس کو ایک محفوظ جگہ پر رکھا جانا چاہیے۔
- طلباء / خاندانوں کو (تکنیکی) مسائل کی اطلاع ڈیجیٹل طور پر طلباء / خاندانوں کو (تکنیکی) مسائل کی اطلاع ڈیجیٹل طور پر سپورٹ ہب https://supporthub.schools.nyc پر یا اس نمبر 5100-935 (718) پر دیں۔ طلباء / خاندان اس مسئلے کے بارے میں اسکول کو بھی براہ راست اطلاع دے سکتے ہیں۔ آلے کی طبیعی ڈھانچے سے کسی چیز کو ہٹانے، اضافہ کرنے یا تبدیل کرنے کی کوشش نہ کریں بشمول کیز، میموری، بیٹری، اسکرین، چارجر، آئی ڈی لیبلز، وغیرہ۔
- آلے کو ہر وقت احتیاط کے ساتھ اٹھائیں۔ آلے کے اوپر اشیاء نہ رکھیں۔

**استعمال کرنے کے رہنما خطوط**

عموماً، تمام طلباء سے اچھی سمجھ رکھنے اور عام فہم کو استعمال کرنے کی توقع کی جاتی ہے؛ آن لائن محفوظ، معقول، محتاط اور پُراحترام رہیں؛ ٹکنالوجی کے حفاظت کے انتظامات کو نظر انداز نہ کریں؛ اگر انہیں مدد کی ضرورت ہو تو کسی بالغ فرد سے معلوم کریں۔

**طالب علم کے قابلِ قبول استعمال کے رہنما خطوط**
**طلباء پر لازم ہے کہ:**

- فراہم کردہ آلے کو صرف تدریسی سرگرمیوں کی رسائی حاصل کرنے کے لیے استعمال کریں۔
- آن لائن پُراحترام، ذمہ دار طرزِ عمل کے انہی رہنمائی خطوط کی پابندی کریں جن کی طلباء سے آف لائن عمل کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔
- اس آلے کو احتیاط سے استعمال کریں، اور اگر اس کی کارکردگی میں کوئی مسئلہ درپیش ہو تو NYCPS ہیلپ ڈیسک کو 718-935-5100 پر مطلع کریں۔
- معلوم ہونا چاہیے کہ یہ ساز و سامان نیو یارک شہر پبلک اسکولز کی ملکیت ہے اور اس کی دیکھ بھال بھی اسی طرح کی جانی چاہیے۔ اگر آلہ چوری ہو جاتا ہے تو پولیس میں ایک رپورٹ درج کروانا لازمی ہے۔
- اگر طلباء دھمکانے، غیر معقول، یا مضر مواد (تصاویر، پیغامات، پوسٹس) آن لائن دیکھیں تو ایک استاد یا عملے کے دیگر رکن کو مطلع کریں۔
- طلباء اور دیگر افراد کی سلامتی کا تحفظ کرنے کے لیے محتاط رہیں۔
- اسکول کے وسائل کے تحفظ کی حفاظت کرنے میں مدد کریں۔

**طلباء پر لازم ہے کہ ذیل نہ کریں:**

- اسکول کے موبائل (انٹرنیٹ) فلٹر کو نظر انداز کرنے کی کوشش۔
- اس آلے کو اس طرح استعمال کرنا جو ذاتی اور جسمانی طور پر مضر ہو سکتا ہو۔
- غیر مناسب تصاویر اور مواد تلاش کرنے کی کوشش کرنا۔
- دیگر افراد کے ساتھ سائبر غنڈہ گردی، ہراساں کرنا یا تذلیل آمیز طرزِ عمل اختیار کرنا۔ ایسے طرز عمل کا نتیجہ تادیبی کاروائی اور مراعات کا کھو دینا ہو سکتا ہے۔ کچھ صورتوں میں، سائبر غنڈہ گردی ایک جرم ہو سکتا ہے۔
- اسکول کے تحفظاتی اقدامات اور چھانٹی کرنے (فلٹرنگ) والے آلات (ٹولز) کو جھانسہ دینے کے طریقے تلاش کرنا۔
- اسکول کی ٹکنالوجی کو اسپیم (Spam) یا چین (Chain) میل بھیجنے کے لیے استعمال کرنا۔
- آن لائن ایسی زبان استعمال کرنا جو کلاس روم میں ناقابل قبول ہو۔
- اسکول کی ٹکنالوجی کو غیر قانونی سرگرمیوں یا ایسی سرگرمیوں کی معلومات حاصل کرنے کے لیے استعمال کرنا۔
- ایسی سائٹس، سرورز، یا مواد کو ہیک کرنے یا ان تک رسائی حاصل کرنے کوشش کرنا جو طلباء کے استعمال کے مقصد کے لیے نہیں ہے۔
- اسکول کے کسی آلے کے ہارڈ ویئر یا تنصیب کردہ سافٹ ویئر میں تبدیلی کرنا۔

**ذاتی تحفظ اور رازداری**

- صارفین کو بالغان کی اجازت کے بغیر انٹرنیٹ پر ذاتی معلومات، بشمول فون نمبر، پتہ، سوشل سیکیورٹی نمبر، تاریخِ پیدائش، یا مالی معلومات کبھی شیئر نہیں کرنا چاہیے۔
- صارفین کو معلوم ہونا چاہیے کہ انٹرنیٹ پر ابلاغ کرنا خطرات ساتھ لاتے ہیں، اور ان کو اپنی اور دیگر افراد کی ذاتی معلومات کی حفاظت احتیاط کے ساتھ کرنا چاہیے۔
- صارفین کو کبھی بھی کسی ایسے فرد کے ساتھ والدین کی اجازت کے بغیر اصل زندگی میں ملاقات کی حامی نہیں بھرنی چاہیے جن سے یہ آن لائن ملتے ہیں۔ اگر طلباء کوئی ایسا پیغام، تبصرہ، تصویر یا کوئی بھی ایسی چیز آن لائن دیکھتے ہیں جو ان کے ذاتی تحفظ کے لیے تشویش کا باعث بنتی ہے تو ان کو فوراً ایک بالغ کو مطلع کرنا چاہیے۔

**ذمہ داری کی حد**

NYCPS افراد، فائلز، ڈیٹا یا ہارڈوئیر کو زد یا نقصان پہنچنے کی ذمہ داری نہیں لے گا۔ آلات میں چھانٹی (فلٹرنگ) اور دیگر تحفظ اور حفاظت کے نظام نصب ہیں، لیکن ان کے ذی اثر ہونے کی کوئی ضمانت نہیں ہے۔ اسکول کے نیٹ ورک پر کیے گئے غیر منظور شدہ لین دین کیے جانے پر NYCPS مالی یا بصورت دیگر ذمہ دار نہیں ہوگا۔

آلے کی واپسی یہ آلہ NYCDOE کی ملکیت ہے اور اس میں آلے کو تلاش کرنے (ٹریکنگ) کا آلہ نصب ہے تاکہ اس آلے کو تلاش کیا جاسکے۔ اسکول کی خریدی ہوئی ڈیوائسس کو جاری کرنے والے اسکول کو خارج ہونے سے قبل اچھی کارکردگی کی حالت میں (فارغ التحصیل، دوسرے اسکول میں تبادلہ، یا دیگر انداز میں جانے) واپس کیا جانا چاہیے۔ مرکز کے خریدے ہوئے آلات کو ہائی اسکول سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد یا NYCPS چھوڑتے وقت اچھی کام کرتی ہوئی حالت میں واپس کیا جانا چاہیے۔ اگر آپ کو یاد نہیں کہ آپ کے پاس ایک اسکول کی خریدی ہوئی یا مرکز کا خریدا ہوا کوئی آلہ ہے تو برائے مہربانی اپنے اسکول کے SPOC سے رابطہ کریں۔

**اس دستاویز پر دستخط کرکے، میں تصدیق کرتا ہوں کہ میں نے مذکورہ بالا کو پڑھ اور سمجھ لیا ہے۔**

والدین / سرپرست کے دستخط (مطلوب ہے):____________________ تاریخ:________________

والدین کا نام:________________________________________

طالبِ علم کے دستخط (اگر اطلاق ہو):____________________ تاریخ:________________

طالب علم کا نام:________________________________________